2024ء

# گوجرانوالا بورڈ

## معروضی طرز

رول نمبر/امیدوار: ____________

اصول معاشیات (1st 324-1) (انٹرمیڈیٹ پارٹ I، کلاس 11th) وقت: 20 منٹ

پرچہ I معروضی ---- Code : 6541 مارکس: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:** Four possible answers A, B, C and D to each question are given. The choice which you think is correct, fill that circle in front of that question with Marker or Pen ink in the answer book. Cutting or filling two or more circles will result in zero mark in that question.

**سوال 1:**

1- معاشیات کو علم الحقیقت کا درجہ کس نے دیا؟ **Who did give economics the status of positive science?**
(A) Marshall مارشل (B) Robbins رابنز (C) Keynes کینز (D) Adam Smith ایڈم سمتھ

2- مختتم افادہ کے خط کا جھکاؤ ہوتا ہے: **Slope of marginal utility curve is:**
(A) positive مثبت (B) negative منفی (C) vertical عمودی (D) horizontal اُفقی

3- ضروریاتِ زندگی کی اشیاء کی طلب ہوتی ہے: **Demand for necessities of life is:**
(A) less elastic کم لچکدار (B) more elastic زیادہ لچکدار
(C) perfectly elastic مکمل لچکدار (D) inelastic غیر لچکدار

4- جن اشیاء پر قانونِ طلب لاگو نہیں ہوتا، کہلاتی ہیں: **The goods on which the law of demand does not apply are called:**
(A) services خدمات (B) goods and services اشیاء وخدمات
(C) giffin goods گفن اشیاء (D) capital goods اشیائے سرمایہ

5- ..........عامل پیدائش نہیں ہے۔ **_____ is not factor of production.**
(A) land زمین (B) labour محنت (C) output پیداوار (D) capital سرمایہ

6- اجارہ داری کے تحت فرم/فرموں کی تعداد ہے: **Number of firm/s under monopoly is:**
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

7- فرم کا توازن اس نقطہ پر ہوتا ہے جہاں: **Firm's equilibrium is at that point where:**
(A) MC = AR مختتم مصارف = اوسط وصولی (B) MC = MR مختتم مصارف = مختتم وصولی
(C) MC = AVC مختتم مصارف = اوسط متغیر مصارف (D) MC = AC مختتم مصارف = اوسط مصارف

8- ان میں سے ایک زمین نہیں ہے: **Which one is not called land|:**
(A) rain بارش (B) mountain پہاڑ (C) forests جنگلات (D) Mangla Dam منگلا ڈیم

9- انتقالی ادائیگیاں جنھیں کہا جاتا ہے: **_____ are called transfer payments.**
(A) wages اُجرتیں (B) Salaries تنخواہیں
(C) prices قیمتیں (D) Unemployment allowances بے روزگاری الاؤنس

10- مشینری کی ٹوٹ پھوٹ کے اخراجات کہلاتے ہیں: **Expenses on wear and tear of machinery are called:**
(A) productive expenses پیداواری اخراجات (B) non productive expenses غیر پیداواری اخراجات
(C) wages معاوضے (D) depreciation expenses فرسودگی اخراجات

11- قیمتوں کی سطح اور مقدارِ زر کا تعلق ہوتا ہے: **Relationship between level of prices and quantity of money is:**
(A) positive مثبت (B) negative منفی (C) indirect بالواسطہ (D) all of these یہ تمام

CamScanner

-12 زرکی قوتِ خرید کو کہا جاتا ہے:
The purchasing power of money is called:

(A) قدرِ زر value of money (B) آلہ مبادلہ exchange of money
(C) مقدارِ زر quantity of money (D) اعتباری زر credit money

-13 تجارتی چکر کے ادوار ہوتے ہیں:
The phases of trade cycle are:

(A) 5 (B) 2 (C) 3 (D) 4

-14 توازنِ ادائیگی میں شامل ہوتی ہے:
Balance of payment comprises of:

(A) مرئی اشیاء visible goods (B) غیر مرئی اشیاء invisible goods
(C) مرئی اور غیر مرئی اشیاء visible and invisible goods (D) اشیاء سرمایہ capital goods

-15 ٹیکس عائد کرنے کے اصول پہلی بار......نے پیش کیے۔
The canons of taxation were firstly stated by ____.

(A) آدم سمتھ Adam Smith (B) رابنز Robbins (C) پیگو Pigou (D) کینز Keynes

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| B -1 | B -2 | A -3 | C -4 | C -5 | A -6 | A -7 | A -8 |
| D -9 | D -10 | A -11 | A -12 | D -13 | C -14 | A -15 | |

## انشائی طرز

اصول معاشیات (1st A324)(انٹرمیڈیٹ پارٹ I، کلاس 11th) وقت: 2:10 گھنٹے

پرچہ I (حصہ اوّل) مارکس: 60

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ حصہ دوم میں سے کوئی سے تین (3) سوالات کے جوابات لکھیے۔

**Note: Section I is compulsory. Attempt and THREE (3) questions from Sections II.**

**سوال 2: کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (6×2=12)**

**Write short answers to any SIX (6) questions.**

(i) پروفیسر مارشل کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف تحریر کیجیے۔

**Write down the definition of Economic as stated by Prof. Marshall.**

جواب: "معاشیات میں انسان کے ان افعال کا مطالعہ کیا جاتا ہے جن کا تعلق زندگی کے روزمرہ معاملات سے ہے۔ یہ علم انسان کی انفرادی اور اجتماعی کوششوں کے اس حصہ کا جائزہ لیتا ہے جس کا اس چیز سے گہرا تعلق ہے کہ خوشحال زندگی کے مادی لوازمات کس طرح حاصل کیے جاتے ہیں اور انہیں کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ پس معاشیات ایک طرف دولت کا علم ہے اور دوسری طرف (جو پہلی سے زیادہ اہم ہے) خود انسانی زندگی کے ایک پہلو کا۔"

"Economics is a study of Man's actions in the ordinary business of life, It examines that part of individual and social action which is most closely concerned with the attainment and with the use of material requisite of well-being. Thus economics is on one side a study of wealth and on the other and more important side, a part of study of man".

(ii) علم کی تعریف بیان کیجیے۔

**Define science.**

جواب: علم کائنات کے کسی خاص شعبہ سے متعلق حقائق کا مجموعہ ہوتا ہے جسے تحقیق و تجربہ کی روشنی میں انتہائی غیر جانبدارانہ مطالعہ کے بعد مرتب کیا جاتا ہے۔ نیز ان حقائق کے اسباب اور نتائج کے درمیان مستقل رشتہ بھی قائم کیا جاتا ہے۔

Science is a collection of facts related to a particular field of the universe, which is compiled after the most impartial study in the light of research and experience. Also, the constant relationship between the causes and consequences of these facts is also established.

(iii) جزوی اور کلی معاشیات میں فرق کی وضاحت کیجیے۔

**Differentiate between micro economics and macro economics.**

جواب: جزوی معاشیات میں کسی معیشت کے انفرادی اجزاء و عناصر کے رویہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے مثلاً کسی ایک شے کی قیمت کا تعین یا کسی ایک صارف یا ایک فرم کے رویہ کا مطالعہ و مشاہدہ۔ جبکہ کلی معاشیات کا اطلاق اس مطالعہ پر ہوتا ہے جس کا تعلق بڑے بڑے معاشی مجموعات کے باہمی رشتہ سے ہے۔

In micro-economics, the behaviour of individuals components and elements of an economy is studied. For example determining the price of a single commodity or a single consumer or a study or observation of the behaviour of a firm, whereas macro-economics is applied to the study which deals with the relationship of large economics aggregates.

(iv) طلب کے بڑھنے اور گرنے میں فرق بیان کیجیے۔

**Differentiate between rise and fall of demand.**

جواب: اگر قیمت میں تبدیلی آئے بغیر کسی اور وجہ سے شے کی طلب میں اضافہ ہو جائے تو اسے طلب کا بڑھنا کہا جاتا ہے جبکہ اگر قیمت میں تبدیلی کے بغیر کسی اور وجہ سے شے کی طلب میں کمی ہو جائے تو اسے طلب کا گرنا کہا جاتا ہے۔

If the demand for a commodity increases without any change in price, it is called rise in demand

CamScanner

whereas if there is a decrease in the demand for a commodity for any other reason without a change in price, it is called a fall in demand.

(v) رسداور ذخیرہ میں فرق کی وضاحت کیجیے۔

**Differentiate between supply and stock.**

جواب: کسی ایک وقت میں کسی شے کی وہ کل مقدار جو منڈی میں فروخت کاروں کے پاس موجود ہوتی ہے اسے ذخیرہ کہتے ہیں۔ جبکہ رسد سے مراد ذخیرہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جسے فروخت کار ایک مخصوص قیمت پر فروخت کرنے کے لیے پیش کرتے ہیں مثلاً اگر کسی وقت منڈی میں فروخت کاروں کے پاس چینی کی کل 500 ٹن مقدار موجود ہو تو اسے ذخیرہ کہیں گے۔ اب اگر 10 روپے فی کلوگرام قیمت پر وہ اس کل مقدار میں سے 300 ٹن چینی فروخت کرنے کے لیے پیش کر دیں تو یہ رسد کہلائے گی۔

The total quantity of a commodity that is available to sellers in the market at a given time is called stock whereas supply refers to the portion of inventory that sellers offer for sale at a specified price, for example, if at some point in the market sellers have a total quantity of 500 tons of sugar, it will be called stock. Now, if he sells 300 tons of sugar out of this total quantity at the price of Rs. 10 per kg if presented to do, it will be called supply.

(vi) ضیاع پذیر اشیاء سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by perishable goods?**

جواب: ایسی اشیاء جو جلد گل سڑ جائیں یا جن اشیاء کا ذخیرہ نہ کیا جا سکتا ہو مثلاً دودھ، پھل، گوشت وغیرہ، وہ ضیاع پذیر اشیاء کہلاتی ہیں۔

Items that are perishable or items that cannot be stored e.g milk, fruits, meat etc, are called perishable goods.

(vii) معیاری قیمت کا مفہوم بیان کیجیے۔

**Describe the meaning of standard price.**

جواب: کسی شے کی معیاری قیمت سے مراد وہ قیمت ہوتی ہے جو ایسے حالات میں طلب و رسد کے توازن سے رائج ہو جب آجروں کے پاس اتنا وقت ہو کہ وہ شے کی طلب میں کمی و بیشی کی صورت میں اس شے کی رسد میں کمی و بیشی کر سکیں یعنی رسد معین نہ ہو بلکہ حالات کے مطابق اس میں کمی و بیشی ممکن ہو۔

The standard price of a commodity refers to the price prevailing in equilibrium of supply and demand in such situations when employers have enough time to adjust the supply of the commodity in case of increase or decrease in demand i.e. the supply is not fixed but it can be increased or decreased possibly according to the circumstances.

(viii) افادہ اور فائدہ سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by utility and usefulness?**

جواب: کسی شے میں انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی کو افادہ کہتے ہیں مثلاً پانی میں پیاس بجھانے کی خوبی۔ جب کہ افادہ سے مراد فائدہ مندی نہیں ہے کیونکہ بہت سی اشیاء ہیں جو فائدہ مند نہیں ہیں مثلاً شراب، افیون، سگریٹ وغیرہ یہ انسانی صحت کے لیے مضر ہیں لیکن ان میں افادہ موجود ہے کیونکہ یہ انسانی خواہش کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

The quality of fulfilling human desire in an object is called utility, For example, the quality of quenching thirst in water. While utility does not mean benefit because there are many things that are not beneficial, For example, alcohol, opium, cigarette etc, they are harmful to human health, but there is utility in them because it has the ability to fulfill human desire.

(ix) کل افادہ کا مفہوم بیان کیجیے۔

**What is meant by total utility?**

جواب: کسی شے کی تمام اکائیاں استعمال کرنے سے جو افادہ حاصل ہوتا ہے تو اسے کل افادہ کہتے ہیں۔

The utility obtained by using all the units of a commodity is called total utility.

**سوال 3: کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔**

**(6 × 2 = 12)**

**Write short answers to any SIX (6) questions.**

(i) مختتم مصارف کی تعریف کیجیے۔

**What is meant by marginal cost?**

جواب: کسی شے کی مزید اکائی کو پیدا کرنے کی وجہ سے مجموعی مصارف میں جو اضافہ ہوتا ہے اسے مختتم مصارف کہتے ہیں مثلاً 10 میٹر کپڑا بنانے کے کل مصارف 200 روپے ہوں اور 11 میٹر کپڑا بنانے سے یہ بڑھ کر 220 روپے ہو جائیں تو مختتم مصارف 20 روپے ہوں گے کیونکہ ایک میٹر مزید کپڑا بنانے سے کل مصارف میں 20 روپے کا اضافہ ہوتا ہے۔

The increase in the total cost due to the production of a product is called the marginal cost, for example the total of making 10 meters of cloth is 200 rupees and for making 11 meters of cloth it increases to 20 repees. So the final cost will be Rs. 20 because one meter more making cloth adds Rs. 20 to the total cost.

(ii) معینہ مصارف اور متغیرہ مصارف میں فرق بیان کیجیے۔

**Differentiate between fixed cost (FC) and variable cost (VC).**

جواب: معینہ مصارف سے مراد وہ مصارف ہیں جنھیں ایک فرم کو ہر حال میں برداشت کرنا پڑتا ہے جبکہ ایسے مصارف جو پیداوار کی مقدار کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں اور پیداوار بڑھنے کے ساتھ بڑھ جاتے ہیں اور پیداوار کے گھٹنے کے ساتھ کم ہو جاتے ہیں وہ متغیر مصارف کہلاتے ہیں۔

Fixed costs refers to the costs that a firm has to bear in all circumstances whereas such factors which are related to the amount of production and increase with the increase of production and decrease with the decrease of production are called variable costs.

(iii) کل وصولی سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by total revenue?**

جواب: کسی شے کی ایک خاص مقدار فروخت کر کے ایک فرم کو جو رقم حاصل ہوتی ہے اسے کل وصولی کہتے ہیں مثلاً اگر کپڑے کی قیمت 10 روپے فی میٹر ہو

اور ایک فرم 100 میٹر کپڑا فروخت کرے تو اسے 1000 روپے حاصل ہوں گے، یہ رقم کل وصولی کہلائے گی۔

The amount earned by a firm by selling certain quantity of a commodity, is called total revenue. For example if the price of cloth is Rs. 10 per meter and a firm sells 100 meters of cloth, it will get Rs. 1000, this amount will be called total revenue.

**(iv) قانون تکثیر حاصل سے کیا مراد ہے؟ What is meant by the law of increasing return?**

جواب: جب کسی عمل پیدائش میں معین عامل پیدائش کے ساتھ متغیر عاملین کی اکائیاں بڑھانے سے ہر زائد اکائی پر مختتم پیداوار بڑھتی جائے تو اس رجحان کو قانون تکثیر حاصل کہا جاتا ہے۔ اس کا دوسرا نام قانون تقلیل مصارف ہے۔

When increasing the units of the variable increases the marginal production at each increment, then this trend is called law of increasing return. Another name for this law of diminishing cost.

**(v) قوانین حاصل کے نام لکھیے۔ What down the names of laws of return?**

جواب: 1- قانون تکثیر حاصل 2- قانون یکسانی حاصل 3- قانون تقلیل حاصل

1. Law of increasing return 2. Law of constant return 3. Law of diminishing return

**(vi) مکمل مقابلہ کی چار شرائط بیان کیجیے۔ Describe four conditions of perfect competition.**

جواب: اگر کسی منڈی میں درج ذیل شرائط پائی جائیں تو کہا جاتا ہے کہ اس منڈی میں مکمل مقابلہ موجود ہے۔

A market is said to have perfect competition if the following conditions exist.

1- خریداروں اور فروخت کاروں کی کثیر تعداد ہو اور کوئی خریدار یا فروخت کار اپنے انفرادی عمل سے قیمت کو متاثر نہ کر سکے۔

2- فروخت کی جانے والی شے کی اکائیوں میں یکسانیت ہو۔ 3- منڈی میں فرموں کا داخلہ اور اخراج آزادانہ ہو۔

4- خریدار اور فروخت کار منڈی کے حالات سے پوری طرح واقف ہوں۔

1. There is a large number of buyers and sellers and no buyer and no seller can affect the price by their individual actions.
2. There should be uniformity in the units of goods sold.
3. Entry and exit of firms in the market should be free.
4. Buyer and seller are fully aware of the conditions of the market

**(vii) اجارہ داری سے کیا مراد ہے؟ What is meant by monopoly?**

جواب: اجارہ داری منڈی کی ایسی حالت ہوتی ہے جب کسی شے کو ایک ہی فرم پیدا کر رہی ہو اور منڈی میں کسی اور جگہ سے اس شے کا قریبی نعم البدل بھی دستیاب نہ ہو مثلاً پاکستان میں واپڈا کو بجلی کی پیداوار اور فراہمی میں اجارہ داری حاصل ہے۔

A monopoly is a market condition when a good is produced by a single firm and there are no close substitutes available for that good else where in the market. For example in Pakistan WAPDA has monopoly in power generation and supply.

**(viii) نظریہ مختتم پیداوار کے چار مفروضات لکھیے۔ Write down four assumptions of marginal productivity theory.**

جواب: 1- عاملین مکمل طور پر نقل پذیر ہیں۔ 2- عاملین کی رسد مکمل طور پر لچکدار ہے۔

3- عاملین کی اکائیوں کو ایک دوسرے سے بدلا جا سکتا ہے۔ 4- ہر عامل کی تمام اکائیاں پیداواری استعداد کے لحاظ سے یکساں ہیں۔

1. The factors are completely transferable. 2. The units of factors is completly elastic.
3. The units of factors are interchangeable.
4. All units of each factor are identical in terms of production efficiency.

**(ix) عاملین پیدائش کا مفہوم بیان کیجیے۔ Describe the meaning of factors of production.**

جواب: انسان کو اپنی ضرورت کی اشیاء پیدا کرنے کے لیے جن عاملین کی ضرورت ہوتی ہے انہیں عاملین پیدائش کہا جاتا ہے۔ یہ زمین، محنت، سرمایہ اور تنظیم ہیں۔

Factors required by man to produce the things he needs are called factors of production. These are land, labour, capital and organization.

**سوال 4: کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (6 × 2 = 12)**

**Write short answers to any SIX (6) questions.**

**(i) خام ملکی پیداوار سے کیا مراد ہے؟ What is meant by gross domestic product?**

جواب: کسی ملک کے افراد ایک سال کے دوران استعمال کی جتنی بھی اشیاء و خدمات اندرون ملک پیدا کرتے ہیں ان کی بازاری مالیت کو خام ملکی پیداوار کہتے ہیں۔

خام ملکی پیداوار = خام قومی پیداوار − خالص بیرونی آمدنی

All goods and services consumed by the people of a country during the year within the country their market value is called gross domestic product.

Net National Product = Gross National Product – Net Foreign Income

**(ii) اعانے سے کیا مراد ہے؟ What is meant by subsidies?**

جواب: بعض اوقات حکومت ضروریات زندگی کی اشیاء مثلاً آٹا، گھی، چینی وغیرہ عوام کو ان کی منڈی کی قیمت سے کم قیمت پر مہیا کرنا چاہتی ہے تو وہ شے

CamScanner

فروخت کاروں سے مہنگے داموں خرید کر یوٹیلیٹی سٹوروں اور کوآپریٹ سٹوروں کے ذریعے عوام کو سستے داموں فراہم کرتی ہے یعنی اس شے کی اصل قیمت کا کچھ حصہ حکومت ادا کرتی ہے جسے اعانہ کہتے ہیں۔

Sometimes the government wants to provide essential commodities like flour, ghee, sugar etc. to the public at lower price than their market price, So it buys those commodities from the venders at high prices and sells them to the public through utility stores and co-operate stores provides at cheap rates. The government pays a part of its original cost which is called subsidy.

(iii) پاکستان کی چار اہم درآمدات لکھیے۔

**Write down four important imports of Pakistan.**

جواب: 1- پٹرولیم مصنوعات Petroleum production
2- گاڑیاں Vehicles
3- سائنسی آلات Scientific instruments
4- مشینوں کے پرزہ جات Parts of machines

(iv) نظریہ مقدار زر کی تعریف کیجیے۔

**Define quantity theory of money.**

جواب: ''مقدار زر کی تبدیلی کے نتیجے میں (قیمتوں کی تبدیلی کے ذریعے) قدر زر میں تناسب معکوس سے تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ مقدار زر میں ہر اضافہ قدر زر میں متناسب کمی کا باعث ہوتا ہے جبکہ مقدار زر میں ہر کمی قدر زر میں متناسب اضافے کا باعث ہوتی ہے بشرطیکہ دیگر حالات بدستور قائم رہیں''۔

A change in the quantity of money (Through a change in prices) results in an inversely proportional change in the quantity of money leads to a proportional decrease in the value of money, while every decrease in the quantity of money leads to a proportional increase in the value of money, other things being equal.

(v) ملکی تجارت سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by domestic trade?**

جواب: ایک ملک کے مختلف علاقوں کے افراد کے درمیان ہونے والے تجارتی لین دین کو ملکی تجارت کہتے ہیں۔

Trade between people of different regions of a country is called domestic trade.

(vi) توازن تجارت کا مفہوم بیان کیجیے۔

**Describe the concept of balance of trade.**

جواب: ایک ملک کی سال بھر کی مرئی برآمدات کی مالیت اور مرئی درآمدات کی مالیت کا حساب کتاب توازن تجارت کہلاتا ہے۔

The calculation of the value of a country's annual tangible exports and the value of its tangible imports is called the balance of trade.

(vii) نجی مالیات اور سرکاری مالیات میں فرق بیان کیجیے۔

**Differentiate between private finance and public finance.**

جواب: نجی افراد کی آمدنی و خرچ کے حساب کتاب کا مطالعہ نجی مالیات کہلاتا ہے۔ جبکہ سرکاری مالیات کا تعلق حکومت کی آمدنی اور خرجات سے ہوتا ہے۔

The study of accounting of income and expenditure of individuals is called private finance whereas the government concern of revenue and expenditure is called public finance.

(viii) آفتابی دھبوں کے نظریہ سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by sun spot theory?**

جواب: پروفیسر جیونز کے مطابق وقفوں کے ساتھ سورج کی سطح پر دھبے نمودار ہوتے ہیں اس کی وجہ سے سورج اپنی تمام حرارت زمین کی طرف منتقل نہیں کرتا جس سے فصلیں بُری طرح متاثر ہوتی ہیں اور زرعی پیداوار کم ہو جاتی ہے اور صنعتی پیداوار پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں اسے آفتابی دھبوں کا نظریہ کہتے ہیں۔

According to Prof. Jeons, spots appear on the surface of the sun with intervals, due to this the sun cannot sent its heat towards the earth, which badly effects the crops and the agricultural production decrease and negative effects on industrial production. This is called sun spot theory.

(ix) فاضل بجٹ سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by surplus budget?**

جواب: اگر حکومت کی آمدنی، خرچ سے زیادہ ہو تو بجٹ، فاضل بجٹ کہلاتا ہے۔

If the revenue of the government is more than the expenditure, the budget is called surplus budget.

## (حصہ دوم)

کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

**Write any three answers of the questions.**

**سوال 5:** قانون رسد کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کیجیے۔ 8

**Explain the law of suppiy with the help of schedule and diagram.**

**سوال 6:** قانون تقلیل افادہ مختتم کی گوشوارہ اور گراف سے وضاحت کیجیے۔ 8

**Explain the law of diminishing marginal utility with the help of table and graph.**

**سوال 7:** مکمل مقابلے کے تحت عرصہ طویل میں فرم کا توازن بیان کیجیے۔ 8

**Describe long run equilibrium of a firm under perfect competition.**

**سوال 8:** قومی آمدنی کے دائری بہاؤ کی وضاحت بذریعہ ڈائیگرام کیجیے۔ 8

**Explain circular flow of national income by diagram.**

**سوال 9:** قومی آمدنی کی پیمائش کے دو طریقے تحریر کیجیے۔ 8

**Write down two methods of national income determination.**

CamScanner